☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام.....قوت اخوت عوام ☆☆☆

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 24 رجب المرجب 1446ھ، 25 جنوری 2025ء 13 ماگھ 2081ء | 16 صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 97

لاکھوں خاندانوں کو نگہبان رمضان پیکیج دینے کا فیصلہ وزیراعلیٰ نے منظور کر لیا

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا نگہبان رمضان پیکیج میں شفافیت کیلئے ضروری اقدامات کا حکم، شہریوں کی 15 فروری تک رجسٹریشن مکمل کرانے کی ہدایت

نگہبان رمضان پیکیج کیلئے پی ایس ای آر میں رجسٹریشن ضروری، یونین کونسل اور بلدیہ دفاتر میں رجسٹریشن کرائی جاسکتی ہے: بریفنگ



لاہور میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے نگہبان رمضان پیکیج سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (سعید فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے رمضان پیکیج کے حوالے سے مختلف تجاویز اور سفارشات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں لاکھوں خاندانوں کو نگہبان رمضان پیکیج دینے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے انتظامیہ کو شہریوں کی نگہبان رمضان پیکیج میں 15 فروری تک رجسٹریشن مکمل کرانے کی ہدایت کی۔ (بقیہ نمبر 1)

پشاور ہائی کورٹ کا ایکشن کمیشن کو 60 روز میں کے پی میں میونسپل انتخابات پر فیصلہ کرنے کا حکم

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے خیبر پختون خوا میں میونسپل انتخابات کرانے سے متعلق کیس کا تحریری فیصلہ جاری کرتے (بقیہ نمبر 5)

یونیٹیلی سٹورز آؤٹ لیٹس کو بہتر بنانے کے لئے کمیٹی تشکیل

کارپوریشن کے حوالے سے فیصلے شفافیت کے ساتھ کیے جائیں گے وفاقی وزیر رانا تنویر

اسلام آباد (این این آئی) یونیٹیلی اسٹورز میں وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شیزا فاطمہ نے کارپوریشن کے حوالے سے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین بھی شرکت کی اور اہم تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا جس (بقیہ نمبر 4) یونیٹیلی اسٹورز کے حوالے سے

26 ویں آئینی ترمیم کو واپس کرنے کا اختیار صدر یا پارلیمان کے پاس ہونا چاہیے، بلاول بھٹو

پیپلز پارٹی کا ایکٹ پر میڈیا اور ڈیجیٹل میڈیا کے نمائندوں سے مشاورت ہوتی تو بہتر ہوتا، حکومت کو کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے اتفاق رائے پیدا کرنا چاہیے

اسلام آباد (نمائندہ ڈیلک ہیڈیر) میں پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 26 ویں ترمیم کو واپس کرنے کا اختیار صدر یا پارلیمان کو دیا جائے، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم کو واپس کرنے کا اختیار صدر یا پارلیمان کو دیا جائے، چیف جسٹس کے راستے میں مشکلات نہیں آسانیاں پیدا کرنی چاہئیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

تحریک انصاف نے مذاکراتی کمیٹی کے اجلاس میں شرکت سے انکار کر دیا

پی ٹی آئی کا 28 جنوری کو مذاکراتی کمیٹی کے اجلاس میں شرکت سے انکار، حکومت نے مذاکرات جاری رکھنے پر اصرار کیا ہے، رپورٹ

حکومت نے مذاکرات ختم نہیں کیے، جب مذاکرات ایک طرف سے ختم ہوگئے تو حکومت کس سے بات کرے؟، عرفان صدیقی کی بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے مذاکرات کمیٹی میں پڑگئے، پی ٹی آئی کی 28 جنوری کو مذاکراتی کمیٹی کے اجلاس میں شرکت سے انکار کر دیا جبکہ حکومت نے مذاکرات جاری رکھنے پر اصرار کیا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر حکومت سے آگے بڑھنا چاہتے تھے، بانی (بقیہ نمبر 8)



اسلام آباد وزیر اعظم محمد شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انسانی سمگلنگ میں ملوث گروہوں کے سد باب کیلئے خصوصی ٹاسک فورس قائم

انسانیت کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، انسانی سمگلنگ میں ملوث گروہوں کے افراد کی گرفتاریوں میں تیزی لائی جائے تمام ادارے بشمول وزارت خارجہ انسانی سمگلروں کی نشاندہی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں شہباز شریف

اب تک 6 منظم انسانی سمگلنگ کے گروہوں کی نشاندہی، 12 ایف آئی آرز، 25 ملوث افراد کی نشاندہی، 3 اہم افراد کی گرفتاری اور 16 لوگوں کے نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالے جا چکے ہیں اجلاس میں وزیر اعظم کو بریفنگ

مشکوک کارڈز ریکارڈ کرنے سے متعلق فیصلے کیلئے جسٹس فاروق حیدر حج نامزد

چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے انویسٹی گیشن فار فیئر ٹرائل ایکٹ کے تحت دہشتگردی کیسز میں مشکوک کارڈز ریکارڈ کرنے کی اجازت دینے یا نہ دینے کا فیصلہ کرنے کیلئے جسٹس فاروق حیدر کو جوڈیشل کمیشن کا رکن نامزد کر دیا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ کورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے مشکوک کارڈز ریکارڈ کرنے سے متعلق فیصلہ کیلئے جسٹس فاروق حیدر کو نامزد کیا ہے، 2013ء سے کریمنل لا اینڈ پریکٹس رول 2019ء کے تحت ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ (بقیہ نمبر 2)

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے مشکوک کارڈز ریکارڈ کرنے سے متعلق فیصلہ کیلئے جسٹس فاروق حیدر کو جوڈیشل کمیشن کا رکن نامزد کر دیا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ کریمنل لا اینڈ پریکٹس رول 2019ء کے تحت ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ (بقیہ نمبر 2)

بلوچ علیحدگی پسند تنظیم کو غیر ملکی ایجنسیاں سپورٹ کر رہی ہیں، بلوچستان اسمبلی کا مذمتی قرارداد منظور

بلوچستان میں دہشت گردی کا گھناؤنا کھیل کھیلا جا رہا، حکومت ہتھیار ڈالنے والوں کا کھلے دل سے خیر مقدم کرتی ہے صوبائی وزیر ظہور احمد بلیدی

کوئٹہ (این این آئی) مختلف دہشت گرد تنظیموں کو سے متعلق فیصلہ کیلئے جسٹس فاروق حیدر کو جوڈیشل کمیشن فار فیئر ٹرائل ایکٹ 2013ء کے تحت ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ (بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب ڈیولپمنٹ کے زیر ہے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میٹرک تک میں بچوں پر کتابوں کا مزید بوجھ، رمضا میں 10 کردیے گئے

لاہور (این این آئی) میٹرک تک میں بچوں پر کتابوں کا بوجھ مزید بڑھ گیا، (بقیہ نمبر 7)

پنجاب مفت لینڈ لیزر لیولر اور ٹریکٹرز کیلئے 34 ہزار سے زائد درخواستیں جمع

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت میں مفت لیزر لینڈ لیولرز اور ٹریکٹرز کے (بقیہ نمبر 10)

190 ملین پاؤنڈ برطانوی واپس ادا کرنے کا حساب اور ضرورت ہوگا، خواجہ آصف

میڈیا سے سیاستدان یا عدالتیں جب مل جاتی ہیں تو جرم کی پشت پناہی ہوتی ہے، حکومت ملک کو بلیک میل کیا گیا، یہ ریاست کو بلیک میل کرتے ہیں

کابینہ میں کانفرنس کیلئے تھا، اتھارٹی یونیورسٹی کیلئے 1438 ایکڑ زمین دی گئی، پی ٹی آئی والے تاثر دیں ریاست کا پیسہ اکاؤنٹ میں کیسے گیا؟

اسلام آباد (نمائندہ ڈیلک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کیس بیری وارنٹ ہے، اب اصحاب اور حساب ضرور ہو گا، اتھارٹی یونیورسٹی کیلئے 1438 ایکڑ زمین دی گئی، پی ٹی آئی والے تاثر دیں ریاست کا پیسہ ان کے (بقیہ نمبر 3)

صحافی کا بلاول بھٹو زرداری کی شوگر کی بیماری لاحق ہونے کا انکشاف

کراچی (این این آئی) گزشتہ کئی ماہ سے پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وزن میں آنے والی واضح کمی کے پیچھے محکمہ زراعت سے متعلق قیاس آرائیوں کی جاری تھیں جس کا جواب اب سامنے آ گیا (بقیہ نمبر 15)

پی آر اے پاکستان کے وفد کی اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات

پی آر اے پاکستان کا پیکا قانون میں منظور کی گئی ترامیم پر شدید تحفظات کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پی آر اے پاکستان کے وفد نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی۔ پی آر اے پاکستان کے صدر عثمان خان، سیکرٹری نوید اکبر اور فرخ فاضل (بقیہ نمبر 14)



ایف بی آر کے اہم کوگ کی ڈیوٹیاں فرائم کیا جانا اہم ضرورت ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (نمائندہ ڈیلک) وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایف بی آر کے کوگ کی ڈیوٹیاں فرائم کیا جانا اہم ضرورت ہے، گاڑیوں کی خریداری میں شفافیت کو یقینی بنائیں گے۔ فیڈرل (بقیہ نمبر 16)



واشنگٹن وفاقی وزیر حسن نقوی اپنے اعزاز میں دیے گئے عشائیہ میں شریک ہیں

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس کل 4 بل منظور کرانے کا اجلاس

منظور کیے جانے والے ترمیمی تعلیمات ترمیمی بل 2023، پنجاب کمپلسری انٹیلیجنس ٹریننگ بل 2024 اور آمدات برآمدات انفارمیشن بل 2023 شامل

اپوزیشن ارکین نے نکتہ اعتراض پر بولنے کی اجازت مانگی جس پر چیئرمین نے سے انکار کر دیا، اپوزیشن نے پیکا ایکٹ بل منظور کے نعرے لگائے

اسلام آباد (نمائندہ ڈیلک) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کی صدارت چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کی۔ اجلاس میں قوانین منظور کر لیے گئے، پی ٹی آئی ارکین پلے کارڈز کے ساتھ ایوان میں داخل ہوئے اور پھر واک آؤٹ کر گئے۔ اجلاس کے شرکا کے مطابق اجلاس سے تجارتی تعلیمات ترمیمی بل سمیت 4 کیا پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس چیئرمین سینیٹ کی زیر صدارت ہوا، جس میں ایاز صادق



لاہور گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ فن پہلوانی و دلیرانہ جوان کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 15 ہزار 138 پوائنٹس کی حد کو چھو گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 15 ہزار پوائنٹس کی حد کو دوبارہ بحال ہو گیا۔ کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز کاروبار کے آغاز پر ہی (بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد وزیر دفاع خواجہ آصف تقریب میں شریک ہیں

قتل کے الزام میں قید مجرم کو بری کرنے کا حکم، عمر قید کی سزا کالعدم

سب کو مارنے کی نیت سے آنے والا کسی ایک کو کیوں چھوڑے گا؟، جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قتل کے الزام میں قید مجرم کو بری کرنے کا حکم دیتے ہوئے مرقد کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس جمال مندوخیل کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ نے ساعت کی۔ جسٹس منیب اختر افغان نے سوال اٹھایا کہ کیا کوئی الزام لگائے گا تو اسے (بقیہ نمبر 9)

پیکا قانون میں ترامیم کا متصدسیاہ کارناموں کو چھپانا ہے، بیرسٹر سیف

یہ درحقیقت ڈیجیٹل نیشن برباد پاکستان بل ہے، جس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، بیان

پشاور (این این آئی) سٹیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر اڈکیٹ سیف نے کہا ہے کہ پیکا قانون میں ترامیم کا مقصد اپنے سیاہ کارناموں کو میڈیا سے چھپانا ہے۔ اپنے بیان میں بیرسٹر (بقیہ نمبر 1)

تعلیمی نظام میں بہتری لانے کیلئے مصنوعی ذہانت کا استعمال کرنا چاہیے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ ہمیں اپنے تعلیمی نظام میں بہتری لانے کے لیے مصنوعی ذہانت کا استعمال کرنا چاہیے۔ اپنے بیان میں صدر (بقیہ نمبر 2)

حکومت کے ساتھ مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں، بشوت یوسفزئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شرکت (بقیہ نمبر 2)

خیبر پختونخوا، ہیلی ایمبولینس سروس منصوبہ تکمیل کے آخری مراحل میں داخل

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ ہیلی ایمبولینس سروس کا منصوبہ تکمیل کے آخری مراحل (بقیہ نمبر 2)

کرم میں کھانے پینے کی اشیاء کی قلت، قیمتیں آسمان پر پہنچ گئیں

کرم (این این آئی) کرم میں کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گئیں، قلت برقرار، شیری آٹے، چینی، سبزی، گھی اور (بقیہ نمبر 2)

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے دورہ چین کے ثمرات

چھ ہفتے میں ہی تیز ترین فارن انویسٹمنٹ شروع، ای میکانائزیشن کا آغاز

اے آئی کے استعمال سے ماحولیاتی آلودگی کم اور صفائی کا معیار بہتر ہوگا، بریفنگ

لاہور (سعید فیاض) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف آگئے۔ پنجاب میں تیز ترین فارن انویسٹمنٹ شروع ہوگئی۔ صوبہ میں پہلی مرتبہ ماحول (بقیہ نمبر 17)



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی موجودگی میں اے آئی فورس ٹیک کے چینی ای او ہان وے اور ڈائیو پاکستان کے محمد خالد ایم او یو پر دستخط کر کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

پی ٹی آئی والوں کو کوئی ونڈو نہیں ملی ہے، رانا ثناء

اگر پی ٹی آئی والوں کو کوئی غلط فہمی ہوئی ہے تو آنے والے دنوں میں دور ہو جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والوں کو کوئی ونڈو نہیں ملی ہے۔ پی ٹی آئی والے تاثر دیں کہ جس طرف دیکھ رہے ہیں انہوں نے کسی سیاسی ایجنڈے پر گفتگو نہیں کرنی، رانا ثناء اللہ (بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سپریم کورٹ ڈیڈیشنل جسٹرائزیشن کے تعین کا کیس کالعدم قرار دینے کا چیلنج مسترد

سپریم کورٹ نے نذر عباس کی انٹرا کورٹ اپیل پر جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں 6 رکنی بنچ تشکیل دے دیا

ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نے تعین عدالت کا کارروائی پر عدم اعتماد کی درخواست بھی کر دی، کارروائی آئندہ ہفتے سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نذر عباس کی کاشتکار ڈسٹرکٹ بینچ کر دیا۔ ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نذر عباس نے تعین عدالت پر عدم اعتماد کی درخواست بھی کر دی، سپریم کورٹ نے نذر عباس کی انٹرا کورٹ اپیل پر 6 رکنی بنچ تشکیل دے دیا، جسٹس (بقیہ نمبر 13)



پشاور، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے کرم کے متاثرہ افراد کے لیے چیئرمین ضلع کونسل کمر سید کمیل حیدر شاہ سے 20 ملین روپے کا چیک وصول کر رہے ہیں

غزہ میں سیز فائر نہ ہو سکا، اسرائیل کی فائرنگ سے 14 فلسطینی شہید

اسرائیلی حملوں سے مغربی کنارے میں جنین کیمپ تباہ ہو گیا، درجنوں فلسطینی گرفتار

غزہ (این این آئی) غزہ میں معاہدے کے باوجود سیز فائر نہ ہو سکا، مغربی کنارے میں فائرنگ سے 14 فلسطینی شہید جبکہ 5 زخمی ہوئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی (بقیہ نمبر 2)

پی ٹی آئی کا مذاکرات ختم کرنے کے اعلان پر غور کرنیکا عندیہ

بانی نے مذاکرات ہولڈ کیے ہم کھلے دل کے ساتھ مذاکرات میں بیٹھے تھے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ کمیٹی کے اعلان کے لیے 7 دن بھی بہت تھے، ہم دوبارہ غور کر لیتے ہیں لیکن حکومت کمیٹی کا اعلان (بقیہ نمبر 2)

نیو گوادر ایئرپورٹ سے بین الاقوامی پروازوں کا آغاز

قومی ایئر لائن کی پہلی پرواز پی کے 197 صبح 9 بج کر 41 منٹ پر مسقط کیلئے روانہ ہو گئی، قومی ایئرپورٹ سے قومی ایئر لائن کی پہلی پرواز پی کے 197 صبح 9 بج کر 41 (بقیہ نمبر 19)

گوادر (این این آئی) گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے بین الاقوامی فلائٹ آپریشن کا بھی آغاز ہو گیا۔ گوادر ایئرپورٹ سے قومی ایئر لائن کی پہلی پرواز مسقط سے جمعہ بین الاقوامی (بقیہ نمبر 19)

وزیر اعلیٰ سندھ کا جامعات کی قانون سازی کو واپس نہ لینے کا اعلان

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے جامعات کی قانون سازی کو واپس نہ لینے کا اعلان کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 2)

مٹھائی کے ڈبوں میں سمگلنگ

نا کام 2 کلوگرام منشیات برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ایئرپورٹ سے مسقط کے مسافر کے قبضے سے 2 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ (بقیہ نمبر 21)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:20
فجر	6:10
ظہر	1:30
عصر	4:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجے مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786



لاہور: بیچنگ ڈائریکٹر پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی محمد احسن یونس یونائیٹڈ نیشن ویمن پاکستان کے وفد کو پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی دورہ کے موقع پر تحائف پیش کر رہے ہیں

یونائیٹڈ نیشن (یو این) ویمن پاکستان کے وفد کا پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی ہیڈ کوارٹر کا دورہ

وفد میں یو این ویمن پاکستان کے چیف آف مشن سمیت دیگر افسران شریک تھے، وفد کو میجنگ ڈائریکٹر محمد احسن یونس اور چیف آپریٹنگ آفیسر مستنصر فیروز نے بریفنگ دی

بہت جلد پورے پنجاب میں سمارٹ سیف سٹیز پراجیکٹس مکمل کر لیے جائیں گے، ایم ڈی سیف سٹیز

لاہور (خبرنگار) یو نائیٹڈ نیشن (یو این) ویمن پاکستان کے وفد نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق وفد میں یو این ویمن پاکستان کے چیف آف مشن سمیت دیگر افسران شریک تھے۔ وفد کو میجنگ ڈائریکٹر محمد احسن یونس اور چیف آپریٹنگ آفیسر مستنصر فیروز نے بریفنگ دی۔ وفد کو پاکستان کے پہلے وومن پولیس سٹیشن، چائلڈ سیفٹی سنٹر سمیت دیگر شعبہ جات کی ورکنگ بارے بریفنگ دی گئی۔ یونائیٹڈ نیشن ویمن پاکستان کے وفد کو سیف سٹی کے آپریشن اینڈ ایمرجنسی سنٹر بارے بریفنگ دی گئی۔ وفد کو بتایا گیا کہ سیف سٹی پراجیکٹس خواتین اور بچوں کے تحفظ کے لیے قائم کیے گئے 18 مزید اداروں میں لگائے جا رہے ہیں۔ بہت جلد پورے پنجاب میں سمارٹ سیف سٹیز پراجیکٹس مکمل کر لیے جائیں گے۔ یو این وفد کے شرکاء نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ سیف سٹی نے 15 ہزار چہرے شناخت کرنے والے سافٹ ویئرز اور آٹومیٹڈ لائسنس پلیٹ ریکگنیشن سسٹم کے جدید فیچرز بارے بریفنگ دی گئی۔ وفد کو بتایا گیا کہ 1122 کے ساتھ سیف سٹی پراجیکٹ کا انضمام، ایمرجنسی ہیلپ لائن سسٹم کے جدید فیچرز اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے جدید نظام بارے بتایا گیا۔ وفد کو ایمرجنسی ہیلپ لائن 1122 اور ایمرجنسی سروسز کی جدید ٹریننگ اور ٹیکنالوجی بارے بھی بریفنگ دی گئی۔ وفد کو ایمرجنسی ہیلپ لائن 1122 کے ساتھ سیف سٹی کے انضمام بارے بھی بریفنگ دی گئی۔ وفد کو بتایا گیا کہ سیف سٹی پراجیکٹ کے تحت 15 ہزار چہرے شناخت کرنے والے سافٹ ویئرز اور آٹومیٹڈ لائسنس پلیٹ ریکگنیشن سسٹم کے جدید فیچرز

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 25 جنوری 2025ء

تجاوزات کیخلاف انتظامیہ اور تاجر ایک پیج پر ہیں کمشنر مریم خان

کمشنر نے تاجروں کی تجویز پر ہول سیل مارکیٹس کو آٹھ بازاروں سے باہر منتقل کرنے کے لئے مشترکہ اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) گھنٹہ گھر کے آٹھ بازاروں کو تجاوزات سے پاک اور وہیکل فری بنانے کے لئے انتظامیہ اور تاجر ایک پیج پر ہیں۔ کمشنر مریم خان سے آٹھ بازاروں کے تاجروں نے ملاقات کی۔ کمشنر نے تاجروں کی تجویز پر ہول سیل مارکیٹس کو آٹھ بازاروں سے باہر منتقل کرنے کے لئے مشترکہ اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ تاجر برداری کو ممکن تمام سہولیات فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری سرگرمیاں بلاتعطل جاری رہیں گی اور پارکنگ کے مسائل کے حل کے لئے لانگ ٹرم اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس ضمن میں بیرون چنیوٹ بازار زیر تعمیر پارکنگ پلازہ کو تیزی سے مکمل کرایا جائے گا۔ انہوں نے عزم کا اظہار کیا کہ تاجروں کے تعاون سے آٹھ بازاروں کو مثالی بنا کر دم لیں گے۔ کمشنر نے کہا کہ راجباہ روڈ پر دستیاب پارکنگ سائٹ پر لائٹنگ اور روزانہ معیاری صفائی ہوگی۔ پارکنگ کے نظام میں اوور چارجنگ کا فوری قلع قمع کیا جائے گا۔ بازاروں میں موٹر سائیکلز کے داخلے اور واپسی کے لئے قابل عمل ماڈل بنانے کا فیصلہ بھی کیا گیا اور کمشنر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہری خوبصورتی ناگزیر ہے۔ بازاروں کی شکل دکانوں کے باہر نصب یکساں تھیم کے ڈیزائن سے جڑی ہے اور انتظامیہ ایک بازار میں بورڈز سپانسر کرائے گی۔ تاجر بھی ہمیشہ کی طرح فراخدلی دکھائیں۔ سابق ایم این اے میاں عبدالمنان محمد اسلم بھلی، راؤ سکندر اعظم، ملک شاہد رسول، ایوب اسلم منج سمیت دیگر تاجروں نے انتظامیہ کے شانہ بشانہ چلنے کا عزم کرتے ہوئے شہر اور بالخصوص آٹھ بازاروں کو تجاوزات سے پاک کرنے کے اقدام کو سراہا۔ تاجر برداری نے انتظامیہ کو ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

معراج النبیؐ کے سلسلے میں تحصیلوں اور اضلاع میں پروگرام مرتب

مختلف اضلاع اور تحصیلوں میں معراج النبی ﷺ کے جلسوں سے علامہ نورا حمد میال صدر JUP پنجاب خطاب کرینگے



کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) جمعیت علما پاکستان پنجاب نے معراج النبی ﷺ کو شایان شان طریقے سے منانے کیلئے پنجاب بھر کی تحصیلوں اور اضلاع میں پروگرامات مرتب کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر جاوید اختر نورانی جنرل سیکرٹری جے یو پی پنجاب نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب بھر کے مختلف اضلاع اور تحصیلوں میں معراج النبی ﷺ کے جلوس سے علامہ نورا حمد میال صدر JUP پنجاب، مولانا محمد احمد برکاتی، مفتی عبدالشکور رضوی، حاجی محمد انصاری نورانی، حافظ یعقوب داتار، حاجی صابر عرفات، مبشر لودھی، مفتی ارشاد احمد حقانی، چوہدری طاہر جاوید نقشبندی، چوہدری ریاض احمد نوری، مولانا مسعود الحسن چن پیر، مفتی عزیز الرحمن حامدی، قاضی جمیل احمد، جی ایم شاہ، حافظ محمد حسین فریدی و دیگر علما کرام و راہنما جمعیت علمائے پاکستان معراج النبی ﷺ کے جلسوں اور کانفرنسز سے بعد نماز عشا خطابات کریں گے اور نبی کریم ﷺ کے واقعہ معراج پر قرآن و حدیث کی روشنی میں فضائل بیان کریں گے۔

کھلی کچہریوں سے عوام کے مسائل حل کرنے قریب سے جاننے میں آسانی ہوئی

تمام افسران میرٹ پر انوسٹیلیشن کر کے حقائق سامنے لائیں غفلت لاپرواہی اور کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی: ڈی پی او ساہیوال

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) کھلی کچہریوں سے عوام کے مسائل حل کرنے قریب سے جاننے میں آسانی ہوئی ہے تمام افسران میرٹ پر انوسٹیلیشن کر کے حقائق سامنے لائیں غفلت لاپرواہی اور کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی (ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان) تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق صوبے بھر کی طرح ساہیوال میں بھی کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان کا تھانہ نورشاہ اور تھانہ یوسف والا میں مختلف مقامات پر کھلی کچہریوں کا انعقاد جس میں علاقہ بھر سے شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان نے شہریوں کے مسائل سنیں اور فوری حل کرنے کے احکامات جاری کیے علاقہ بھر کے شہریوں نے ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان کے اس اقدامات کو خوب سراہا ایس ایچ او یوسف والا اور چوکی انچارج گیمبر انتہائی محنتی اور ایماندار افسر ہیں جو کہ عوام کے مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں اس موقع پر ان کے ساتھ ایس ایچ او یوسف والا اے ڈی شاہین چوکی انچارج گیمبر ذیشان اکرم اور ایس ایچ او نورشاہ اور چوکی انچارج 73 فور آرمیاں محسن وٹو بھی موجود تھے

محفوظ پنجاب کے تحت پولیس کے عملی اقدامات جاری ہیں ڈی ٹی او

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی خصوصی ہدایت پر شہریوں کے گمشدہ، مسروقہ موبائل فون ٹریس کرنے کا سلسلہ جاری ہے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن محفوظ پنجاب کے تحت چنیوٹ پولیس کی جانب سے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی خصوصی ہدایت پر شہریوں کے گمشدہ، مسروقہ موبائل فون ٹریس کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ چنیوٹ پولیس نے لاکھوں روپے مالیت کے شہریوں کے گمشدہ موبائل فون ٹریس کرلئے۔ اس سلسلہ میں ڈی پی او دفتر میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد نے شہریوں کے ٹریس کئے گئے موبائل ان کے حوالے کئے۔ 20 سے زائد شہریوں کے گمشدہ موبائل فون ٹریس کر کے ان کے حوالے کئے گئے۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موبائل فون گم ہونے کی صورت میں شہری متعلقہ تھانہ میں فرنٹ ڈیسک پر رپورٹ ضرور درج کروائیں۔ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے شہریوں کے گمشدہ، مسروقہ موبائل ٹریس کئے جا رہے ہیں۔

منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائی جاری

منشیات فروش اور جرائم پیشہ عناصر کو ختم کرنا میری اولین ترجیح ہے: ڈی پی او



دیپالپور (زاہد عمران) تجمل قوت) دیپالپور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت کے احکامات تھانہ صدر دیپالپور کے ایس ایچ او میاں فخر حیات وٹو اور اس کی ٹیم امتیاز شاہد محمد عباس سیال محمد ارشد کچھی منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائی جاری جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری تفصیل کے مطابق چوکی انچارج پتلی پہاڑ محمد ارشد کچھی زاہد عمران تجمل قوت سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کیخلاف اور منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں جرائم پیشہ عناصر جرم چھوڑ دیں یا علاقہ چھوڑ دیں منشیات فروش اور جرائم پیشہ عناصر کو ختم کرنا میری اولین ترجیح ہے ہمارے علاقے میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں نمایاں کمی ہوئی ہے پہلے ہمارے علاقے میں ہر روز چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں ہوتی رہتی تھیں کبھی کسی کا ٹرانسفارمر اور کبھی کسی کی بجلی کی کیبل ہم چوروں اور ڈکیتوں کو لگام ڈالیں گے ہماری کوشش ہے کہ ہم اپنے علاقے ہر جرائم پیشہ عناصر ختم کریں گے

بیٹے کو بااثر ملزمان منشیات فروشی کے دھندے میں زبردستی شامل کرنیکی کوشش کر رہے ہیں

نسیم بی بی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپنے خاندان کے ساتھ ہونے والے ظلم و زیادتی کی تفصیلات میڈیا کے سامنے پیش کیں



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پریس کلب فیصل آباد میں نسیم بی بی سابقہ 103 چھلاہی نے ایک ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپنے خاندان کے ساتھ ہونے والے ظلم و زیادتی کی تفصیلات میڈیا کے سامنے پیش کیں۔ نسیم بی بی نے کہا کہ ان کے بیٹے کو کچھ عرصے سے علاقے کے بااثر اور ریکارڈ یافتہ ملزمان، جن میں مولوی زاہد عرف مولوی، عبدالرحمن عرف مانا، منیر عرف مندری، اور یعقوب عرف کوبا دو شامل ہیں، منشیات فروشی کے دھندے میں زبردستی شامل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کے بیٹے نے اس غیر قانونی کام سے انکار کیا تو یہ لوگ ان کے پورے خاندان کے دشمن بن گئے۔ ان کا مطالبہ تھا کہ نسیم بی بی اور ان کے بیٹے ان کے غیر قانونی دھندے میں مدد کریں یا گھر چھوڑ کر چلے جائیں۔ نسیم بی بی نے بتایا کہ جب انہوں نے پولیس کو اطلاع دینے کے لیے 15 پر کال کی تو پولیس موقع پر آئی لیکن تھانے لے جانے کے بعد ان کی بات سننے کے بجائے انہیں دھمکایا گیا اور کہا گیا کہ آئندہ 15 پر کال نہ کی جائے۔ پریس کانفرنس میں نسیم بی بی نے وزیر اعلیٰ پنجاب، محترمہ مریم نواز شریف، آر پی او فیصل آباد اور ڈی پی او فیصل آباد سے پرزور اپیل کی کہ وہ ان کے خاندان کو تحفظ فراہم کریں اور ان ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کریں۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے محکمہ تعلیم کے افسران، دو گورنمنٹ سکولوں کے اساتذہ، طلباء اور متعلقہ سکول کونسل کے ممبران سے میٹنگ کی

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے محکمہ تعلیم کے افسران، دو گورنمنٹ سکولوں کے اساتذہ، طلباء اور متعلقہ سکول کونسل کے ممبران سے میٹنگ کی۔ اس موقع پر سکولوں میں بہتری اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر کرنے کے حوالے سے بریفنگ لی گئی اور ضروری امور بارے احکامات جاری کئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں سکولوں کی مانیٹرنگ اور تعلیمی امور کی بہتری کیلئے منظم حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ اس ضمن میں ایجوکیشن افسران سکولوں کا دورہ کر کے تدریسی و دیگر امور کی نگرانی کو یقینی بنائیں اور اس حوالہ سے سکولوں میں سہولیات کے حوالہ سے جائزہ لیکر رپورٹ پیش کی جائے۔ سکولوں میں تعلیمی نظام کی بہتری کیلئے تمام میسر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تا کہ معیاری تعلیم کا فروغ تسلسل سے جاری رہے۔

تحصیل ہیڈکوارٹر سلانوالی میں یوپیک میٹنگ کا اہتمام کیا گیا



سرگودھا (عبدالمنان چودری سے) تحصیل ہیڈکوارٹر سلانوالی میں یوپیک میٹنگ کا اہتمام کیا گیا جس میں دیگر محکموں کے اہلکاروں علماء کرام اساتذہ سیاسی سماجی اور صحافتی شخصیات نے شرکت کی میٹنگ میں ملک میں پولیو کی موجودہ صورتحال پر بات چیت کی گئی ڈپٹی ڈسٹرکٹ افیسر ہیلتھ ڈاکٹر عبدالرحمن اور یو سی ایم او شگفتہ جبیں نے بتایا کہ پولیو مہم تین فروری سے شروع ہو کر سات فروری تک جاری رہے گی اور پولیو ٹیمس گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی انہوں نے مزید کہا کہ تمام افراد پولیو مہم کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں انہوں نے عوام الناس سے بھی مطالبہ کیا کہ پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں کیونکہ پاکستان سے پولیو کا خاتمہ نہ صرف حکومت بلکہ ہر شہری کی ذمہ داری ہے اور کوئی بھی مہم شہریوں کے تعاون کے بغیر کامیاب نہیں ہو سکتی میٹنگ میں تحصیل موبائل کارپوریشن 22 11 کے علاوہ دیگر محکموں کے اہلکاروں نے بھی شرکت کی میٹنگ کے اختتام پر میڈم شگفتہ جبین نے آنے والے تمام شخصیات کا شکریہ بھی ادا کیا

محکمہ زراعت توسیع چنیوٹ کی زرعی گریجوایٹس کو زراعت کے دوسرے شعبہ جات کے متعلق معلومات دینے کے لیے ورکشاپ کا اہتمام



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ زراعت توسیع چنیوٹ کی زرعی گریجوایٹس کو زراعت کے دوسرے شعبہ جات کے متعلق معلومات دینے کے لیے ورکشاپ کا اہتمام تفصیلات کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع چنیوٹ ڈاکٹر شہباز احمد کے زیر اہتمام زراعت سے ملحقہ دوسرے شعبوں سے ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع چنیوٹ نے شعبہ زراعت توسیع کی موجودہ سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ کراپ رپورٹنگ چنیوٹ کے ترجمان نے فصلوں کا ڈیٹا اکٹھا کرنے اور شماریات کے اصولوں کے تحت پرکھ کر پیداوار میں کمی یا زیادتی کا تعین کرنے کے بارے میں بتایا۔ سوائل اینڈ واٹر ٹیسٹنگ لیب چنیوٹ کے سربراہ نے پانی و مٹی کے نمونہ جات اور ان کی جانچ پڑتال کے طریقوں کے متعلق آگاہی دی۔

تحصیل چوآیدن شاہ کی عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کی شکار رابطہ سڑکوں کی تعمیر کی منظوری دے دی

* چوآیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب مہوش سلطانہ راجہ کی خصوصی کاوشوں سے وزیر اعلیٰ پنجاب نے تحصیل چوآیدن شاہ کی عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کی شکار رابطہ سڑکوں کی تعمیر کی منظوری دے دی جس کے بعد انکی فیزیبلٹی رپورٹ بھی تیار کر لی گئی، نئی منظور ہونے والی سڑکوں میں منہالہ موڑ سے قلعہ کسک اور لہڑ سلطان پور بائی پاس، پیر پتک تا سڈھانڈی، سلوئی تا غریبوال اور قصبہ نالی جہاں ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب مہوش سلطانہ راجہ کے گزشتہ سال کے اختتام پر دورے کے دوران اہلیان قصبہ نالی کی جانب ان کی توجہ عرصہ دراز سے خستہ حالی کا شکار سڑک پر دلاتے ہوئے اسے تعمیر کروانے کا مطالبہ کیا گیا اس سڑک کی تعمیر بھی شامل ہے۔

رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور رفتار پر سمجھوتا نہیں کیا جائے گا

سیالکوٹ (بیورو چیف) رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور رفتار پر سمجھوتا نہیں کیا جائے گا تمام جاری ترقیاتی منصوبے مفاد عامہ میں جلد از جلد مکمل کئے جائیں گے اور ان کی پائیداری کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل مانیٹرنگ کی جارہی ہے تا کہ عوام الناس ان منصوبوں سے عرصہ دراز تک استفادہ حاصل کر سکیں۔



یہ بات انہوں نے آج اپنے حلقہ انتخاب نول روڈ پر سیوریج نالہ کی تعمیر کا جائزہ لینے کے دوران کیا۔ چودھری سلیم، عدنان اکبر چودھری، سب انجینئر استفانس مسیح اور سابق ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عبدالحمید قاسم بھی موجود تھے۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ نالہ کی تعمیر سے علاقہ میں نکاسی آب کا مسئلہ حل ہوگا۔ انہوں نے ضلع کونسل کے مقامی حکام کو ہدایت کی کہ وہ نالہ جات کی ڈی سلٹنگ جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہٹر چوک میں ٹریفک کے مسئلہ کے حل کیلئے روڈ انجینئرنگ کو بہتر بنایا جا رہا ہے، محکمہ ہائی وے اور ٹریفک پولیس کے حکام کو ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کیلئے یوٹرن کوری ڈیزائن اور ری لوکیٹ کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔

کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے پولیس کے زیر اہتمام فاسٹ یونیورسٹی میں ماک ایکسرسائز کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے پولیس کے زیر اہتمام فاسٹ یونیورسٹی میں ماک ایکسرسائز کا انعقاد: ماک ایکسرسائز میں پولیس، ایلیٹ فورس، ریسکیو 1122، بم ڈسپوزل سکواڈ، سپیشل برانچ و دیگر اداروں کی شرکت، ماک ایکسرسائز کے دوران فاسٹ یونیورسٹی پر دہشت گردوں کے حملے کی فرضی مشقیں کی گئیں ماک ایکسرسائز کے دوران تمام سیکیورٹی و ریسکیو اداروں نے بروقت ریسپانڈ کیا کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ماک ایکسرسائز کا اہتمام کیا گیا ہے، ڈی پی او عبداللہ احمد نے ماک ایکسرسائز کے دوران مختلف اداروں کی کارکردگی چیک کی گئی، ماک ایکسرسائز کروانے کا مقصد دہشتگردوں کو پیغام دینا کہ پولیس مقابلہ کے لیے ہمہ وقت تیار ہے، تمام ذرائع بروئے کار لا کر شہر میں امن امان کے قیام کو یقینی بنایا جائے گا

وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات کی روشنی میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کی سیکورٹی کے پیش نظر ساہیوال پولیس اور ضلعی انتظامیہ کا مشترکہ فلیگ مارچ



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات کی روشنی میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کی سیکورٹی کے پیش نظر ساہیوال پولیس اور ضلعی انتظامیہ کا مشترکہ فلیگ مارچ۔ فلیگ مارچ کی قیادت ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان اور ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کر رہے تھے۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان نے کہا کہ فلیگ مارچ کا مقصد ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن کے دوران امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنا ہے تجاوزات بارے حکومتی ایس او پیز پر من و عن عمل درآمد کیا جائے گا۔ قانون شکن عناصر، دنگا فساد کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ فلیگ مارچ کا مقصد عوام الناس میں احساس تحفظ پیدا کرنا اور سیکورٹی کو یقینی بنانا ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔

تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کی خوشحالی اور ترقی کی ضامن ہوتی ہے: چیئرمین ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کونسل اف این جی اوز

سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کی خوشحالی اور ترقی کی ضامن ہوتی ہے۔ تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق ہے تعلیم کے عالمی دن کو منانے کا مقصد امن اور ترقی کے لیے تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے ان خیالات کا اظہار شاہین ریجنل نیٹ ورک کی نمائندہ تنظیم پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی سرگودھا کے زیر اہتمام تعلیم کے عالمی دن کے موقع پر سرگودھا کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہونے والے سیمنار جس کا موضوع، تعلیم ایک لازوال دولت ہے، سے چیئرمین ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کونسل اف این جی اوز صدر پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی سرگودھا سینیئر صحافی عبدالمنان چوہدری نے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم کے بھرپور کردار کو مدنظر رکھتے ہوئے اسلام میں حصول علم کو بہت بڑی اہمیت حاصل ہے تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کے لیے ترقی کی ضامن ہوتی ہے ترقی یافتہ ممالک نے دنیا میں اپنی جگہ اور نام تعلیم کی مدد سے بنایا انہوں نے ہمیشہ تعلیم اور تحقیق کو زیادہ اہمیت دی یہی ان ممالک کی ترقی کی ایک بڑی وجہ ہے دنیا کے کئی ترقی پذیر ممالک کی طرح پاکستان میں بھی تعلیمی مسائل کا سامنا ہے اساتذہ کی عدم وجود گی مناسب وسائل کی کمی کی وجہ سے بھی ہمارے تعلیمی مسائل دن بدن بڑھتے چلے جا رہے ہیں

یونیورسٹی میں ماک ایکسرسائز کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے پولیس کے زیر اہتمام فاسٹ یونیورسٹی میں ماک ایکسرسائز کا انعقاد: ماک ایکسرسائز میں پولیس، ایلیٹ فورس، ریسکیو 1122، بم ڈسپوزل سکواڈ، سپیشل برانچ و دیگر اداروں کی شرکت، ماک ایکسرسائز کے دوران فاسٹ یونیورسٹی پر دہشت گردوں کے حملے کی فرضی مشقیں کی گئیں ماک ایکسرسائز کے دوران تمام سیکیورٹی و ریسکیو اداروں نے بروقت ریسپانڈ کیا کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ماک ایکسرسائز کا اہتمام کیا گیا ہے، ڈی پی او عبداللہ احمد نے ماک ایکسرسائز کے دوران مختلف اداروں کی کارکردگی چیک کی گئی، ماک ایکسرسائز کروانے کا مقصد دہشتگردوں کو پیغام دینا کہ پولیس مقابلہ کے لیے ہمہ وقت تیار ہے، تمام ذرائع بروئے کار لا کر شہر میں امن امان کے قیام کو یقینی بنایا جائے گا

محمد جاوید مولوی شیر اسماجی شخصیت کا کردار رکھنے والے افراد ہیں

ہمیشہ اپنے دوستوں کے اعزاز میں دعوت کا سماں بنائے رکھتے ہیں



وزیر آباد (نامہ نگار) محمد جاوید المعروف مولوی شیر اسماجی شخصیت کا کردار رکھنے والے افراد ہیں جو ہمیشہ اپنے دوستوں کے اعزاز میں دعوت کا سماں بنائے رکھتے ہیں اور دوست احباب کو ایک جگہ مل بیٹھنے کا موقع دیتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سیاسی و سماجی شخصیات میاں جواد یعقوب اور پیر راجہ محمد اعجاز اللہ خان نے محمد جاوید المعروف مولوی شیر اسماجی سماجی شخصیت کی طرف سے دوستوں کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر کیا۔ چوہدری غلام غوث، محمد احسان، حاجی محمد ناصر نثار، وقار نثار، محمد نسیم میکن، محمد شوکت، محمد انور، ملک محمد سلیم، محمد ارشد، میاں نسیم، میر جان، محمد نعیم اشرف، عمران چنا و دیگر بھی موجود تھے۔ محمد جاوید نے کہا کہ تقریب تو ایک بہانہ تھا مقصد صرف دوست احباب کا اکٹھے مل بیٹھنا تھا۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے جھنگ گوجرہ روڈ بیگ کالونی سیوریج ایشو کا جائزہ لینے کیلئے موقع کا وزٹ کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے جھنگ گوجرہ روڈ بیگ کالونی سیوریج ایشو کا جائزہ لینے کیلئے موقع کا وزٹ کیا۔ انہوں نے میونسپل کمیٹی کے افسران سے بریفنگ لی اور فوری ازالہ کیلئے اقدامات کرنے کے احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر نے علاقہ مکینوں کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ سیوریج مسائل کے ازالہ اور مستقل ریلیف کیلئے میونسپل کمیٹی کو ٹاسک دیا گیا ہے۔ ایریا میں سیوریج کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے مستقل بنیادوں پر لائحہ عمل تیار کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ افسران کو موقع پر جاری سیوریج ایشو کے کام کی مانیٹرنگ کیلئے احکامات جاری کئے۔

مرکزی پریس کلب مانانوالہ کا اہم اجلاس بجی ریسٹورنٹ میں منعقد ہوا

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) مرکزی پریس کلب مانانوالہ کا اہم اجلاس بجی ریسٹورنٹ میں منعقد ہوا جس میں معروف بزنس مین میاں کاشف آفتاب صاحب نے نو منتخب کابینہ کے اعزاز میں شاندار پر تکلف عشائیہ دیا اجلاس میں مرکزی پریس کلب کی نو منتخب کابینہ کو عہدوں کے نوٹیفکیشن بھی جاری کیے گئے نوٹیفکیشن بگران صدر ارشد بھٹی، چیئرمین سپریم کونسل ایڈووکیٹ نوید رضا خان اور چیئرمین الیکشن ٹریبونل میاں اصغر علی نے جاری کیے سید علی عباس گیلانی صدر، راحیل شاہ بخاری جنرل سیکرٹری، میاں اصغر علی چیئرمین، عدنان دانی ترجمان عالمی شہرت یافتہ نوحہ خواں وثناء خوان مصطفیٰ حسن صادق صاحب بھی اجلاس کی کارروائی کا حصہ بنے اور مرکزی پریس کلب کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

جواد سپورٹس اینڈ کلچرل کمپلیکس کے زیر اہتمام سال 2024 میں پانچ کرکٹ ٹورنامنٹس کی تقسیم انعامات کی تقریب

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) جواد سپورٹس اینڈ کلچرل کمپلیکس کے زیر اہتمام سال 2024 میں منعقد ہونیوالے پانچ کرکٹ ٹورنامنٹس کی تقسیم انعامات کی تقریب جواد سپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوئی جس میں مہمان خصوصی سٹی پولیس آفیسر ڈی آئی جی کامران عادل پیٹرن چیف حمید فضل شیخ چیف ایگزیکٹو جواد کلب شیخ جواد افضل شیخ عماد اشیخ فراز احمد نے ٹورنامنٹ ایس ایم اشرف میموریل ون ڈے کرکٹ ٹورنامنٹ ۔ ایس ایم میموریل ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ حمیدہ افضل ودمن ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ کامران اشرف میموریل بلینڈ کرکٹ لیگ کامران اشرف میموریل ڈیف کرکٹ لیگ کے وزران اپ تھرڈ پوزیشن کیساتھ ساتھ مین آف دی ٹورنامنٹ مین آف دی میچ بیسٹ باولر بیسٹ کیپر اور کھلاڑیوں میں لاکھوں روپے نقد انعام اور ٹرافیاں تقسیم کیں اس موقع پر جی ایم جواد سپورٹس اینڈ کلچرل کمپلیکس میاں ندیم اشرف ایڈووکیٹ جی ایم جے ٹیکس میاں رضوان الحق ایڈمن آفیسر جے ٹیکس رانا چنگیز خاں فیضان احمد ۔ ہیڈ مسٹن کوچ عامر اسلام ہیڈ کوچ جواد کلب میاں نوید نذیر ۔ نعیم اشرف ۔ نورنبی ۔ میاں کاشف فرید ۔ فرخ محمود ۔ مقصود احمد ۔ حافظ امین الحق اشرفی ۔ رانا زین نے بھی کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سی پی او ڈی آئی جی کامران عادل کا کہنا تھا کہ کھیلوں کو فروغ دینا چاہیے جس سے کھلاڑیوں کی صحت پر اچھا اثر پڑتا ہے اور کمشنر بھی برقرار رہتی ہے اور ایک صحت مند معاشرے کا قیام وجود میں آتا ہے شیخ جواد افضل اور عماد افضل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جواد کلب ہر سال ٹیلنٹ کو نکھارنے کیلئے ٹورنامنٹ منعقد کرواتا ہے

سینیئر صحافی وقاص خالد ہاشمی کے سسر سابق ایکسین واپڈا فضل ربی عابد انتقال کر گئے

وزیر آباد (نامہ نگار) سینیئر صحافی وقاص خالد ہاشمی کے سسر سابق ایکسین واپڈا فضل ربی عابد انتقال کر گئے۔ مرحوم عارضہ قلب میں مبتلا تھے۔ ان کی نماز جنازہ آبائی علاقے کوٹلہ میں ادا کر دی گئی۔ انکی وفات پر اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد رب نواز چدھڑ، ڈاکٹر سید رضا سلطان، کاشف اشرف، عابد پرویز، نیئر عالم، حاجی سلطان احمد، انجینیر مجاہد سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات نے وقاص خالد ہاشمی کی رہائش گاہ پر ان سے اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کی مغفرت و لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

اظہار تعزیت

وزیر آباد (نامہ نگار) ماہر تعلیم پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائی سکول میانی محلہ قمر بانو المعروف مس قریشی کی وفات پر معروف معالج ڈاکٹر محمد یوسف فاروق نے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ قمر بانو المعروف مس قریشی نے اپنی ساری زندگی تدریس دینے میں وقف کی اور طلبہ کو تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی تربیت جو قابل تحسین ہے ہم ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور آج انکی تمام سٹوڈنٹس زندگی کے مختلف شعبہ جات میں احسن طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دی رہی ہیں۔

محکمہ زراعت پیسٹ وارننگ کا جعلی اور غیر قانونی زرعی ادویات فروخت کرنے والوں کے خلاف کامیاب کریک ڈاون کا سلسلہ جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) محکمہ زراعت پیسٹ وارننگ کا جعلی اور غیر قانونی زرعی ادویات فروخت کرنے والوں کے خلاف کامیاب کریک ڈاون کا سلسلہ جاری ہے۔ اس حوالہ سے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ جھنگ ڈاکٹر محمد عمران نے اڈہ صوفی موڑ، تحصیل جھنگ میں جعلی زرعی ادویات فروخت کرنے والی دوکان پر کامیاب ریڈ کیا اور دو لاکھ روپے مالیت کی جعلی زر

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے مینارٹی کارڈ کی لانچنگ

پنجاب میں اقلیتی برادریوں سے تعلق رکھنے والے خاندانوں کی امداد کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاکستان کا پہلا 'چیف منسٹر مینارٹی کارڈ' لانچ کر دیا۔ ایوان اقبال لاہور میں اس سلسلے میں ہونے والی تقریب میں ہندو، سکھ اور مسیحی برادریوں کے مرد و خواتین نے شرکت کی۔ اس موقع پر ان برادریوں کے نمائندوں کے طور پنڈت لال، سردار سرنجیت سنگھ اور بشپ ندیم کامران بھی موجود تھے۔ مریم نواز نے اقلیتی مرد و خواتین کو مینارٹی کارڈ تقسیم کیے۔ اس کارڈ کے ذریعے پنجاب میں 50 ہزار خاندانوں کو سہ ماہی بنیادوں پر 10500 روپے ملیں گے۔ اطلاعات کے مطابق، آئندہ چند سال میں اس رقم کو بڑھا دیا جائے گا اور 50 ہزار گھرانوں کو 75 ہزار تک لے کر جایا جائے گا۔ تقریب میں موجود صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑا نے پنجابی میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کیا۔ مریم نواز نے مینارٹی کارڈ کی لانچنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتی برادری کی حفاظت اور زندگیوں میں بہتری لانا ہماری ذمہ داری ہے۔ مینارٹیز کی حفاظت کا فرض پوری ذمہ داری سے نبھا رہی ہوں۔ اقلیتی برادریوں کی جان و مال کو خطرے میں ڈالنے والوں کا راستہ پوری قوت سے روکیں گے۔ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتوں کا بھی مساوی کردار ہے۔ اقلیتوں کے لیے کوئی بھی خطرناک صورتحال ہو تو خود نگرانی کرتی ہوں۔ پہلے دن ہی کہا کہ مینارٹیز ہمارے سر کا تاج ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی طرف سے مینارٹی کارڈ کا اجرا خوش آئند ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اقلیتوں کے لیے پاکستان جنت کی حیثیت رکھتا ہے جہاں انھیں اپنے مذاہب کے مطابق زندگی گزارنے کی مکمل آزادی ہے۔ جو حقوق ایک مسلمان پاکستانی شہری کو حاصل ہیں، وہی ایک اقلیتی باشندے کو بھی حاصل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کی ترقی اور سرکاری و غیر سرکاری تمام شعبہ ہائے زندگی میں اقلیتیں اپنا اہم اور مثبت کردار بڑھ چڑھ کر ادا کر رہی ہیں۔

تعلیم کے بدلتے ہوئے نئے زاویے



چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

پاکستان کے بہت سے شعبوں کے لیے سعودی عرب میں وسیع مواقع ہیں، احمد فاروق

پاکستانی تاجر فائدہ اٹھائیں: سفیر پاکستان کے تعمیراتی اور ہاسپٹلٹی کے شعبوں کے لیے ایک منفرد موقع ہے



لاہور(کامرس رپورٹر)سعودی عرب میں پاکستان کے سفیر احمد فاروق نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان معاشی تعاون کو فروغ دینے کے لیے اہم شعبوں کی نشاندہی کی ہے جن میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، فارماسیوٹیکل، ٹیکسٹائل، چاول، سمندری خوراک، گوشت، کھیلوں کا سامان، صحت، ہاسپٹلٹی اور تعمیرات شامل ہیں۔لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں خطاب کرتے ہوئے سفیر نے کہا کہ پاکستان ان شعبوں کے ذریعے بڑی سعودی مارکیٹ سے بھرپور فائدہ اٹھاسکتا ہے۔لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد اور نائب صدر شاہد منیر چودھری نے بھی خطاب کیا جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران آمنہ رندھاوا، وقاص اسلم سید سلمان علی، احسن شاہد، عرفان احمد قریشی، عامر علی، سید حسنین رضا، محمد منیب منوں اور رانا محمد شاہد بھی اجلاس میں موجود تھے۔احمد فاروق نے سعودی عرب میں فٹبال ورلڈ کپ جیسے عالمی ایونٹس کی تیاریوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان منصوبوں کے لیے اسٹیڈیم اور ہوٹلز کی تعمیر جاری ہے۔یہ پاکستان کے تعمیراتی اور ہاسپٹلٹی کے شعبوں کے لیے ایک منفرد موقع ہے۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کا تعمیراتی شعبہ ملک کا سب سے بڑا شعبہ ہے، جہاں بلڈنگ میٹیریل، کانٹریکٹرز، انجینئرز، پروجیکٹ ڈیزائنرز اور ہنرمند مزدوروں کی بے پناہ مانگ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے اور سعودی عرب میں آئی ٹی سیکٹر کے لیے وسیع مواقع موجود ہیں۔اس وقت 90 سے زائد پاکستانی کمپنیاں سعودی عرب میں اپنے دفاتر قائم کر چکی ہیں۔سفیر نے کہا کہ کسی وقت پاکستانی چاول سعودی عرب کی 60-70فیصد مانگ کو پورا کرتا تھا لیکن اب یہ حصہ کم ہو کر صرف 5-6فیصد رہ گیا ہے جبکہ بھارت نے مارکیٹ پر غلبہ پالیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سعودی صارفین پاکستانی چاول کو پسند کرتے ہیں اور اس کی برآمدات کو بڑھانے کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے۔

انسپکٹر صلاح الدین بٹ کی وفات پر مغموم ہیں: خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

صلاح الدین قابل ودبنگ پولیس آفیسر تھے۔خواجہ عامر جاوید



سیالکوٹ (بیورو چیف) انسپکٹر صلاح الدین بٹ کی وفات پر مغموم ہیں۔خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ صلاح الدین قابل و دبنگ پولیس آفیسر تھے۔خواجہ عامر جاوید۔پنجاب پولیس کے قابل و بہادر پولیس آفیسر انسپکٹر صلاح الدین بٹ وفات پاگئے۔ انسپکٹر صلاح الدین بٹ نے بطور ایس ایچ او سیالکوٹ سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں فرائض منصبی سرانجام دیئے۔ان کی نماز جنازہ نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ کی قبرستان شہر والے میں ادا کردی گئی۔نماز جنازہ میں سیالکوٹ سمیت پنجاب وملک کے دیگر شہروں سے کے پولیس ومختلف مکاتب فکر کے تعلق رکھنے والے احباب کی ہزاروں کی تعداد میں شرکت۔اس موقع پر اپنے تعزیتی پیغام میں معروف قانون دان خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، چوہدری ایم اظہر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، ایس ایس اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ بانی کورٹس ومنیر صحافیوں خواجہ عامر جاوید،سید عارف حسین شاہ، محمد عمر بٹ، عرفان عفی وشرکاء نے مرحوم کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انسپکٹر صلاح الدین بٹ نے ہمیشہ ایمانداری وفرض شناسی کیساتھ فرائض منصبی ادا کئے۔

انسانی سمگلنگ میں ملوث افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں

نام نہاد ایجنٹوں نے والدین کی جمع پونجی سمیت ان کے بڑھاپے کے سہارے سے بھی محروم کیا

گوجرانوالہ(نویدبخاری قوت بیورو)چیئرمین ٹریول ایجنٹس ایسوسی ایشن گوجرانوالہ رانا مدثر غضنفر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ انسانی سمگلنگ میں ملوث افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں۔نام نہاد ایجنٹوں نے والدین کی جمع پونجی سمیت ان کے بڑھاپے کے سہارے سے بھی محروم کیا۔ایسے افراد کو سرعام پھانسی دی جائے۔موریطانیہ کشتی حادثہ پر بہت افسوس ہے۔نوجوان اپنے ملک میں محنت کریں۔مستقبل نوجوانوں کا ہے۔مسلم لیگ ن کی قیادت پڑھے لکھے اور ہنرمند افراد کیلئے بہتر پالیسیاں بنا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حالیہ کشتی حادثہ سے دل افسردہ ہوا ہے جس میں چالیس کے قریب پاکستانی نوجوان اپنے روشن مستقبل کی خاطر ایجنٹ مافیا کے ہاتھوں اپنی قیمتی جانیں گنوا بیٹھے ہیں۔ایسے ایجنٹوں کا پورے ملک سے مکمل خاتمہ ہونا چاہیے۔جو سبز باغ دکھا کر نوجوانوں کے مستقبل سے کھیلتے ہیں اور والدین سے ان کی جمع پونجی سمیت ان کے بڑھاپے کا سہارا بھی چھین لیتے ہیں۔اب ان کی آنکھوں میں آنسوؤں کے سوا کچھ نہیں ہے۔وفاق اور پنجاب حکومت ایجنٹ مافیا اور انسانی سمگلنگ میں ملوث افراد کے خلاف قانون سازی کر کے سرعام پھانسی دی جائے۔ایسے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں جو لاکھوں روپے بٹور کر نوجوانوں کی زندگیوں سے بھی کھیلتے ہیں۔رانا مدثر ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ انسانی اسمگلر ز ہزاروں کشتیوں پر غیر قانونی طریقے سے لوگوں کو اسمگل کرنے کے ذمہ دار اور کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

شیخوپورہ میں بدترین لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ میں بدترین لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جس نے شہریوں کو شدید مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے گھریلو امور کی انجام دہی میں دشواریاں لاحق ہونے سمیت کاروباری سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہوئی ہے گزشتہ روز مسلسل تین گھنٹے بجلی بند رکھنے کے بعد چند منٹوں کیلئے بحال کی گئی اور دوبارہ رات گئے تک لوڈشیڈنگ کے باعث بجلی غائب رہی سردیوں میں بجلی کا استعمال کم ہو جانے کے باوجود بجلی کی فراہمی میں پیدا ہونے والا یہ شدید تعطل تمام تر شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد کیلئے دردسر بن گیا ہے اور شہریوں کے مطالبات کے تحت کمی لانے کی بجائے لوڈشیڈنگ کے دورانیہ میں مزید اضافہ کر دیا گیا ہے گرمیوں میں بجلی ایک گھنٹہ فراہمی کے بعد ایک گھنٹہ معطل رکھی جاتی تھی جس کا دورانیہ بڑھا کر تین گھنٹے کر دیا گیا ہے اب بجلی چند منٹ میسر رہنے کے بعد مسلسل تین تین گھنٹوں تک غائب رہتی ہے مگر صارفین کے بلوں میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی بلز بدستور گرمیوں کے تصرف کے حساب سے بھجوائے جا رہے ہیں حالانکہ حالیہ دو ماہ میں بجلی کا استعمال دو تہائی کم ہو چکا ہے، لیسکو کی اس ستم ظریفی پر شہریوں نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اگر بدترین لوڈشیڈنگ کا ظالمانہ عمل جاری رہا تو بلوں کی ادائیگی کا بائیکاٹ کیا جائے گا

دوران سروس محکمہ کی فلاح وبہبود کیلئے ان ملازمین ہمیشہ ساتھ دیا: ایس ڈی او گیپکو

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) چوہدری محمد اقبال چیمہ سابق ایس ڈی او گیپکو سب ڈویژن احمد نگر چٹھہ نے کہا کہ دوران سروس محکمہ کی فلاح وبہبود کیلئے ان ملازمین ہمیشہ ساتھ دیا یہی وجہ ہے کہ آج بھی ان کے ساتھ وقت گزارنے کو دل کرتا ہے مجھے ان پر فخر ہے ایسے محنتی لوگ محکمہ کا سرمایہ ہوتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آفس گیپکو سب ڈویژن احمد نگر چٹھہ میں پرانے ساتھیوں کی طرف سے منعقدہ تقریب کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میں جہاں بھی ہوں میری دعائیں ان کے ساتھ ہیں اس موقع پر ایس ڈی سی زاہد قادر اعوان نے کہا کہ محمد اقبال چیمہ نے ہر موقع پر ملازمین کی مدد کی ان کے آنے سے ایک اپنائیت سی محسوس ہوتی ہے ہم ان کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اپنے قیمتی وقت سے ٹائم نکال ہماری ملن پارٹی میں شرکت کی، شرکا میں ایس ڈی او تنویر احمد، حاجی سیف اللہ ہنجرا، ارباب احمد ہنجرا، محمد عمران چٹھہ، محمد آصف چیمہ، بشارت علی، زریاب حیدر شاہ، محمد یوسف چٹھہ محمد بشیر، محمد اقبال، نعیم الرحمان، ارشاد اللہ دوگل و دیگر موجود تھے دریں اثنا ملازمین نے سابق ایس ڈی او محمد اقبال چیمہ کا پھول کی پتیوں سے پرتپاک استقبال کیا

گھنٹہ گھر چوک کو دو کانیں مسمار کر کے ناجائز تجاوزات سے واگزار کروانا قابل تحسین ہے، چوہدری شوکت منیر



گوجرانوالہ(رانا ظفر اقبال قوت بیورو بیورو)سابق صوبائی ممبر ایم کیو ایم چوہدری شوکت منیر نے کہا ہے کہ کمشنر ایڈمنسٹریٹر کارپوریشن سید نوید حیدر شیرازی کی جانب سے گھنٹہ گھر چوک کو دو کانیں مسمار کر کے ناجائز تجاوزات سے واگزار کروانا قابل تحسین ہے، مگر انتظامیہ اندرون بازاروں کو مستقل طور پر ناجائز تجاوزات سے پاک کروانے میں مکمل ناکام نظر آتی ہے، حالات یہ ہیں کہ دوکانداروں نے اپنی دکانیں بازاروں میں سجالی ہیں، تمام آپریشن بے سود ثابت ہو رہے ہیں کیونکہ آپریشن کرنے کے ایک گھنٹے بعد ہی تجاوزات پھر سے قائم ہو جاتی ہیں لہٰذا یہ پالیسی مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔بازار سکڑ چکے ہیں۔عجیب ہی منظر ہے انکروچمنٹ نے راہگیر، خواتین بزرگوں اور بچوں کا گزرنا محال کر دیا ہے۔انتظامیہ ابھی تک کسی ایک بازار میں بھی مستقل بنیادوں پر تجاوزات کا خاتمہ ممکن نہ بنا سکی ہے۔لہٰذا موثر حکمت عملی اپناتے ہوئے ایسے افراد کا سامان ضبط کرنے اور بھاری جرمانوں کے ساتھ سزا کا عمل بھی شروع کیا جائے تاکہ ناجائز تجاوزات کی لعنت سے مستقل طور پر نجات ممکن ہو سکے۔چوہدری شوکت منیر نے مزید کہا کہ مین شاہراہوں اور بازاروں میں تجاوزات مافیا کیخلاف مقامی انتظامیہ آپریشن کر کے جیسے ہی دفتروں میں واپس جاتی ہے۔مافیا دوبارہ شاہراہوں اور بازاروں پر قبضہ جما لیتے ہیں۔شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب ؛ کمشنر؛ ڈپٹی کمشنر سے پرزور مطالبہ کیا کہ یہ آنکھ مچولی کا کھیل کھیلنے کی بجائے تجاوزات مافیا کیخلاف مستقل بنیادوں پر لائحہ عمل طے کرنا چاہیے۔

حکیم لاء چیمبرز کیجانب سے سمبڑیال بار عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ



سیالکوٹ(بیورو چیف) حکیم لاء چیمبرز کیجانب سے سمبڑیال بار عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ۔حکیم ادیس عادل قریشی ایڈووکیٹ قائدانہ صلاحیتوں کے مالک ہیں۔کاظم علی باجوہ۔معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری کاظم علی باجوہ آف معراج سٹی کی زیر صدارت حکیم لاء چیمبرز ڈسٹرکٹ کورٹس سمبڑیال کیجانب سے سمبڑیال بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران کو استقبالیہ دیا گیا۔اپنے بیان میں نومنتخب صدر ویکرٹری سمبڑیال بار نے بڑے حکیم صاحب جناب ظہیر الاحسن قریشی آف شفاخانہ سعیدیہ روڈ کو بھرپور حمایت پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر حکیم لاء چیمبرز سمبڑیال کی روح رواں حکیم سہیب عادل قریشی کی زیر قیادت معروف فوجداری وفیملی کورٹس وکیل رہنما حکیم ادیس عادل قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس اور میڈم عاصمہ ادیس قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے شرکاء کو پرتکلف ظہرانہ دیا۔اس موقع پر معروف رئیل اسٹیٹ بزنس ٹائیکون کاظم علی باجوہ نے کہا کہ ہم نومنتخب صدر سمبڑیال بار رانا سمیع اللہ ویکرٹری جنرل سمبڑیال بار چوہدری یاسر عرفان ڈھلوں و دیگر نومنتخب وکلاء رہنما کو جیتنے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں کیساتھ مبارکباد دیتے اور بار کی فلاح وترقی کیلئے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہیں۔

علامہ اقبال سکول انڈسٹریل ہوم نمائش کا افتتاح سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) علامہ اقبال سکول انڈسٹریل ہوم نمائش کا افتتاح سابق صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے کیا۔ادارہ میں تمام عمر کی ٹریڈ خواتین کے دو ان ننگ ملبوسات میں شرکاء کی دلچسپی۔ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے علامہ اقبال سکول میں انڈسٹریل ہوم دو ان ننگ (سلائی کڑھائی) ٹریننگ حاصل کرنے والی بچیوں وخواتین کیجانب سے تیار کردہ ملبوسات و کاسٹیومز کی نمائش کا باقاعدہ افتتاح سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ طاہر مجید کپور سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ نے کیا۔اس موقع پر صدر سیوا طاہر مجید کپور و ایگزیکٹوز نے علامہ اقبال سکول کی ٹریڈ خواتین کے روایتی ملبوسات میں گہری دلچسپی لیتے ہوئے انکی بہترین صلاحیتوں کو خوب سراہا۔

پریس کلب جھنگ اور جھنگ یونین آف جرنلسٹس جھنگ کے سالانہ انتخابات میں جرنلسٹ گروپ کی مسلسل گیارہویں بار کامیابی

جھنگ (بیورو رپورٹ) پریس کلب جھنگ اور جھنگ یونین آف جرنلسٹس جھنگ کے سالانہ انتخابات میں جرنلسٹ گروپ کی مسلسل گیارہویں بار کامیابی، الیکشن کمیشن نے پریس کلب میں ہونے والی تقریب میں کامیابی کے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔تفصیلات کے مطابق پریس کلب جھنگ کے سالانہ انتخابات 2025 میں جرنلسٹ گروپ کے پینل کے مقابلے میں کسی دوسرے پینل یا امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کروائے اور لیاقت علی انجم مسلسل گیارہویں مرتبہ صدر پریس کلب جھنگ اور خرم سعید بھی مسلسل گیارہویں مرتبہ سیکرٹری پریس کلب منتخب ہوئے۔دیگر نو منتخب عہدیداروں میں شیخ محمد بلال نائب صدر، اصغر بھٹی جوائنٹ سیکرٹری، مہر قیصر بھمبرانہ فنانس سیکرٹری، جبکہ 16ایگزیکٹو ممبران میں رانا غلام عارف، عبدالحمید، کنور محمد علی، مدثر اسماعیل بھٹی، سید ذیشان رضا اور غلام رضا چوہدری شامل ہیں۔یونین آف جرنلسٹس کے تمام عہدیداران بھی بلا مقابلہ کامیاب ہوئے۔جن میں شریف طاہر صدر یونین آف جرنلسٹس، مصعب فاروق جنرل سیکرٹری، جاوید اقبال گوانس نائب صدر، عدنان قریشی جوائنٹ سیکرٹری، ڈاکٹر ظفر اقبال نول فنانس سیکرٹری اور 6 ایگزیکٹو ممبران میں ریاض خان بلوچ، رفیق اللہ خان، عدیل حسین، اسلم شاہین، محمود الحسن اور علی احمد ملک شامل ہیں۔

ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے صدر سرکل میں تھانہ گوگیرہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے صدر سرکل میں تھانہ گوگیرہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کی درخواستوں کی سماعت کی گئی۔ڈی پی او نے درخواست گزاروں کے مسائل سنے۔شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس میں اعتماد کی فضاء قائم کرنا ہے تاکہ عوامی مسائل عوامی سطح پر ہی حل ہو سکیں۔کھلی کچہریوں میں پولیس افسران عوام کے سامنے جوابدہ ہوتے ہیں۔شہریوں کے مسائل فوری طور پر حل کر کے داد رسی کی جائے گی۔ڈی پی او اوکاڑہ نے متعلقہ افسران کو سائلین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات کیں۔کھلی کچہریوں میں پیش ہونے والے شہریوں کی درخواستوں کا ریکارڈ آن لائن سافٹ ویئر کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم پر رکھا جاتا ہے۔مقررہ کردہ ٹائم لائن پر درخواستوں کے بارے میں متعلقہ افسران سے فالو اپ لیا جاتا ہے۔متعلقہ افسران کی جانب سے کارروائی کو ہر ممکن یقینی بنایا جاتا ہے۔انچارج کمپلینٹ سیل انسپکٹر ریحانہ کوکب کو تمام درخواستوں کا فالو اپ لینے کی ہدایت۔

شاہین میڈیا کونسل و پاکستان میڈیا کونسل سیالکوٹ کے صحافیوں کی نئے تعینات ہونے والے ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد سے تعارفی میٹنگ ہوئی

سیالکوٹ (بیورو چیف) شاہین میڈیا کونسل و پاکستان میڈیا کونسل سیالکوٹ کے صحافیوں کی نئے تعینات ہونے والے ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد سے تعارفی میٹنگ ہوئی۔جس دوران سیالکوٹ میں درپیش مسائل اور انکے حل پر گفتگو کی گئی صحافیوں کیجانب سے سیالکوٹ میں یوی سکواڈ کی مایوس کن کارکردگی بارے سوالات کیے گئے جس پر ڈی پی او فیصل شہزاد کا کہنا تھا کہ صحافیوں کے بہترین کوارڈینیشن سے ہی معاشرے میں موجود برائیوں کو ختم یا کم کیا جاسکتا ہے جرائم پیشہ افراد کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا صحافی پولیس میں موجود جرائم کی پشت پناہی کرنے والے اہلکاروں کی نشاندہی کریں انکے خلاف محکمانہ کارائی عمل میں لائی جائیگی

ضلع میں تجاوزات کے خاتمہ کی کاروائیاں جاری ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ضلع میں تجاوزات کے خاتمہ کی کاروائیاں جاری ہیں جس کیلئے ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹیوں کا عملہ تہہ بازاری سرگرم عمل ہے جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر خصوصی ٹیمیں بھی تشکیل دی گئی ہیں جو شہر بھر کا روزانہ کی بنیاد پر وزٹ کر کے تجاوزات قائم کرنے والوں کا سامان قبضہ میں لینے کے ساتھ نقد جرمانے کر رہی ہیں دوسری طرف ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان کی قیادت میں بھی ضلع کی شاہرات و رابطہ سڑکوں اور چوک چوراہوں میں قائم تجاوزات کے خاتمہ کا آپریشن جاری ہے جس کا پہلا مرحلہ مکمل کر لیا گیا ہے جس میں مختلف اضلاع کو جانے والی شاہراؤں اور رابطہ سڑکوں پر قائم پختہ و عارضی تجاوزات کا ہٹایا گیا اب دوسرے مرحلہ میں ٹریفک پولیس اہلکار میونسپل کمیٹیز کے عملہ کی مدد سے شاہرات و رابطوں سڑکوں اور چوک چوراہوں کے اطراف کی مانیٹرنگ کریں گے اور دوبارہ تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف فوری کاروائی کی جائے گی تجاوزات قائم کرنے سے گریز نہ برتنے والوں کو بھاری جرمانے کرنے سمیت انکے خلاف مقدمات بھی درج کروائے جائیں گے، ضلع کی تاجر برادری اور سیاسی سماجی شخصیات نے ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان کی قیادت میں تجاوزات کے خلاف کئے گئے اس آپریشن کو خوب سراہا ہے

پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے درمیان جاری قومی وسائل کی بندر بانٹ ملکی تباہی کا ذریعہ بنی: مرکزی رہنما تحریک انصاف عمر ڈار



سیالکوٹ (بیورو چیف) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمیر فاروق ڈار نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے جائز مطالبات تسلیم کئے بغیر سیاسی استحکام اور نہ ہی جمہوری اقدار کا فروغ ممکن ہے پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے درمیان جاری قومی وسائل کی بندر بانٹ ملکی تباہی کا ذریعہ بنی ہوئی ہے۔قومی خزانے کی ایک پائی ایمانداری سے عوام پر خرچ نہیں کی جا رہی ہم اس استحصالی نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں۔پی ٹی آئی کی تبدیلی کی جدوجہد کا حقیقی مقصد ملکی نظام کو تبدیل کر کے حکومت کو عوام کے تابع بنانا ہے تاکہ مسائل کی چکی میں پسی پاکستانی قوم سکھ کا سانس لے سکے۔قائد پاکستان عمران خان بارے کوئی بھی بات کرنا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔ظلم کی رات جتنی بھی طویل ہو تو پھر بھی صبح طلوع ہو کر رہتی ہے۔تمام اہم ترین اداروں پر ریٹائرڈ لوگوں کا براجمان ہونا ملکی تباہی کے سوا کچھ نہیں۔بنیادی طور پر مافیا کی تعیناتی اداروں کی تباہی کا سبب ہے۔پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر فاروق ڈار نے مزید کہا کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی سیاسی جدوجہد سبوتاژ کرنے کی خاطر ان پر مقدمات کے اندراج کی ڈبل سینچری پوری کی گئی اور جھوٹے کیسز میں سزائیں دلوا کر ان کی ہمت توڑنے کی ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ملک میں جمہوریت کو آگے بڑھانا ہے

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا تجاوزات کے خاتمہ کے سلسلہ میں شہر کے مرکزی اہمیت کے حامل صدر بازار گول چوک اور کچہری روڈ کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا تجاوزات کے خاتمہ کے سلسلہ میں شہر کے مرکزی اہمیت کے حامل صدر بازار گول چوک اور کچہری روڈ کا دورہ۔اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز انجمن تاجران کے نمائندوں سمیت دیگر افسران واہل کار بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر نے بازاروں میں اپنے طور تجاوزات ختم کرنے کی ہدایات جاری کیں۔دیے گئے وقت کے باوجود بازاروں میں مقررہ حدود سے تجاوز کرنے والوں کے خلاف کاروائی کرنے کا عندیہ۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف تجاوزات کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔تجاوزات کے خاتمے کے سلسلے میں تمام سٹیک ہولڈرز آن بورڈ ہیں۔دکانداروں کو اپنی جگہ تک محدود رہنے کی تنبیہ کی جا رہی ہے تاکہ ان کا غیر ضروری نقصان نہ ہو۔غریب کاروباری طبقہ اور ریڑھی بانوں کو متبادل جگہ پر شفٹ کیا جائے گا۔فیصل آباد روڈ پر ریڑھی بازار کے لیے جگہ مختص کر دی گئی ہے۔ضلع بھر کے بازاروں سے تجاوزات کے مکمل خاتمہ تک بلا تفریق کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

جرم وسزا

تجاوزات، قبضہ مافیا اور غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف آپریشن

آئرن مارکیٹ ڈی ٹائپ کالونی سے پختہ تجاوزات کا خاتمہ، احمد نگر میں پلاٹ پر ناجائز قبضہ واگزار کروایا



فیصل آباد(سالم الیاس)ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایف ڈی اے کی زیر کنٹرول رہائشی کالونیوں و مرکنٹائل مارکیٹس میں تجاوزات، قبضہ مافیا اور غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف مسلسل کے ساتھ آپریشن جاری ہے اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے آئرن مارکیٹ ڈی ٹائپ کالونی سے پختہ تجاوزات کا خاتمہ، احمد نگر میں پلاٹ پر ناجائز قبضہ واگزار اور سرگودھا روڈ پر ایک غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار کر کے دفتر کو سیل کر دیا۔تفصیلات کے مطابق ڈی جی ایف ڈی اے کی طرف سے شعبہ ٹاؤن پلاننگ اور اسٹیٹ مینجمنٹ کو تفویض کیے گئے خصوصی اہداف کی تعمیل کرتے ہوئے ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ نے مختلف علاقوں میں تجاوزات، ایف ڈی اے کی مکلیتی جائیدادوں اور ہاؤسنگ سکیموں کی قانونی حیثیت کو چیک کیا تو بعض دکانداروں نے آئرن مارکیٹ ڈی ٹائپ کالونی میں عوامی راستوں پر پختہ تجاوزات تعمیرات کر رکھی تھیں جنہیں بھاری مشینری کے ذریعے مسمار کر کے گندگاہوں کو صاف کر دیا گیا۔ایک دوسری کارروائی میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے احمد نگر میں پلاٹ نمبر C495 پر قبضہ کی نیت سے کی جانیوالی تعمیرات کو مسمار کر دیا

سخت حالات میں امید کا دامن نہ چھوڑیں۔محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

پاکستان میں خواتین کا طاقتور کردار سابقہ وزیراعظم بینظیر بھٹو ہیں۔ثپوت سیالکوٹ کا سیمینار سے خطاب



سخت حالات میں امید کا دامن نہ چھوڑیں۔محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ۔پاکستان میں خواتین کا طاقتور کردار سابقہ وزیراعظم بینظیر بھٹو ہیں۔ثپوت سیالکوٹ کا سیمینار سے خطاب۔ثپوت سیالکوٹ وعوامی رہنما محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے پاکستان میں خواتین کا کردار سیمینار میں دعوت نامہ پر خصوصی شرکت کی۔اپنے خطاب کے آغاز میں انہوں نے کہا وجود زن سے کائنات میں ہے رونق۔خواتین کا مثبت و بہترین عملی کردار تحریک پاکستان اور قیام پاکستان سے کے بعد مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کے بہترین عملی کردار میں دکھائی دیتا ہے اور پھر دو دفعہ کی منتخب وزیراعظم پاکستان شہید بینظیر بھٹو کا سب سے بڑے عہدے پر دو بار منتخب ہونا اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ مملکت خداداد پاکستان میں عورت کا کردار کس قدر پختہ ہے۔ملک کے مایہ ناز آئینی وقانونی ماہر محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ موجودہ ملکی حالات میں بجائے افراتفری و پینک ہونے کے ہر پاکستانی کو مثبت انداز میں پاکستانیوں کو امید دلانی چاہیے۔

اوکاڑہ تقریب تقسیم مال مسروقہ۔اوکاڑہ۔ڈی پی او آفس کے کمیونٹی لائنزون ہال میں تقریب تقسیم مال مسروقہ کا انعقاد ہوا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ تقریب تقسیم مال مسروقہ۔اوکاڑہ۔ڈی پی او آفس کے کمیونٹی لائنزون ہال میں تقریب تقسیم مال مسروقہ کا انعقاد ہوا۔ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے شہریوں کے چوری شدہ موبائل فونز انکے حوالے کیے۔رواں مال جنوری میں شہریوں کے 105 چوری شدہ موبائل فونز حوالے کیے گئے۔برآمد شدہ موبائل فونز کی کل مالیت 25 لاکھ روپے سے زائد ہے۔تمام موبائلز ای گیجٹ مانیٹرنگ کے ذریعے ٹریک اینڈ ٹریس ہوئے۔شہریوں کے جان ومال اور عزت کے تحفظ پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔شہریوں نے پولیس کے اس جدید سسٹم کو سراہا اور موبائل فون واپس ملنے پر اظہار مسرت کیا۔

زیادتی کے مجرم فیضان کو عمر قید کی سزا اور 5 لاکھ روپے جرمانہ



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) زیادتی کے مقدمے میں ملزم کو سزا۔معزز عدالت نے جرم ثابت ہونے پر مجرم فیضان کو عمر قید کی سزا اور 5 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ایڈیشنل سیشن جج دیپالپور کی عدالت کے اینٹی ریپ اسپیشل جج نے زیادتی کے مقدمہ میں جرم ثابت ہونے پر سزا سنائی۔حجرہ شاہ مقیم پولیس نے نومبر 2023 میں ملزم کے خلاف زیادتی کی دفعہ (376(iii کے تحت مقدمہ درج کیا تھا۔مجرم نے 09 سالہ ذہنی معذور بچی کے ساتھ زیادتی کی تھی۔عدالت کی جانب سے سزا سنائی جانے کے بعد پولیس نے ملزم کو جیل بھیج دیا۔سب انسپکٹر عظمت نسیم اور انکی ٹیم کی پروفیشنل تفتیش، محنت اور ٹھوس شہادتوں کی بدولت زیادتی کے مقدمہ میں ملوث مجرم پر جرم ثابت ہونے پر معزز عدالت کی جانب سے عمر قید اور پانچ لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنایا گیا۔ڈی پی او اوکاڑہ نے تفتیشی آفیسر لیڈی سب انسپکٹر عظمت نسیم اور لیگل ٹیم بھی ساتھی تھی۔

ستھرا پنجاب پروگرام ضلع بھر میں کامیابی سے جاری

گوجرانوالہ (نویدبخاری قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایات پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ستھرا پنجاب پروگرام ضلع بھر میں کامیابی سے جاری ضلع بھر کے تمام اسسٹنٹ کمشنرز، میونسپل کارپوریشن، گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، لوکل گورنمنٹ، ضلع کونسل اور میونسپل کمیٹیز کے افسران ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع بھر میں شہروں، قصبوں سمیت دیہات

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مٹھکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360037

بقیہ جات 1

ڈرائیو بھی ہوگا اور ڈرائیونگ کا لائسنس رمضان مبینکنگ سے شفاعت کے لئے ضروری اقدامات کا آغاز ہوگیا ہے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ لائسنس رمضان مبینکنگ کیلئے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ذیلی ادارے رمضان مبینکنگ کے لائسنس کیلئے اپلائی کیا جاسکتا ہے۔ یونین کونسل اور بلدیہ وفاتر میں رجسٹریشن کرائی جائے گی۔ لائسنس رمضان مبینکنگ کے لئے اہلیہ کا 080002345 نمبر بھی قائم کردیا گیا ہے۔ رمضان مبینکنگ کے ذریعے ہی رمضان مبینکنگ کے عہدیداروں کا انتخاب کیا جائے گا۔ عہدیداروں کی تعداد 11 ہوگی۔ رمضان مبینکنگ کے عہدیداروں کا انتخاب 3 سال کیلئے ہوگا

دہائیوں سے میرٹ میں 0.5 سے 1 فیصد تبدیلی کے خلاف اس مرتبہ میرٹ میں یکدم 4 فیصد اضافہ

مختلف، مستحق اور سفید پوش گھرانوں کے ہونہار طلباء انٹری ٹیسٹ کے بھیانک نظام کی بھینٹ چڑھ گئے ہیں، طلباء اور والدین شدید صدمہ سے دوچار ہیں

مستحق طلباء کے حقوق کے تحفظ کیلئے انٹری ٹیسٹ کو فی الفور ختم، تعلیمی قابلیت کی بنیاد پر داخلہ کیا جائے۔ پی ایم اے

لاہور (خبر نگار) پی ایم اے کاکول اور مرکزی صدر ڈاکٹر اظہار احمد چوہدری کی زیر صدارت پی ایم اے ملٹری لاء میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پی ایم اے پنجاب کے صدر ڈاکٹر کامران سعید ولی ایم اے لاہور کے صدر پروفیسر شاہد ملک، جنرل سیکریٹری ڈاکٹر واجد علی یوسف، فنانس اینڈ آڈٹ انچارج ڈاکٹر نادر خان، ڈاکٹر کلیم نواز، ڈاکٹر ریاض ذوالقرنین، ڈاکٹر بشریٰ حق، ڈاکٹر ارم شہزادی اور ایگزیکٹو ممبر عالمہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس میں پنجاب کے سرکاری میڈیکل کالجز میں داخلہ کیلئے میرٹ میں یکدم 4% ریکارڈ اضافہ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے ہنر مند سرد کرنے دیا ہے اور قرار داد پیش کی گئی کہ دہائیوں سے میرٹ میں 0.5 سے 1 فیصد تبدیلی کے برخلاف اس مرتبہ میرٹ میں یکدم 4 فیصد اضافہ نے انٹری ٹیسٹ کے انعقاد پر بہت بڑا سوالیہ نشان کھڑا کر دیا ہے۔ یہ ایک اذیت کن صورتحال ہے (باقی بقیہ نمبر 35)



لاہور سعودی عرب میں پاکستان کے سفیر احمد فاروق کالا، لاہور چیمبر آف کامرس میں صدر لاہور ہوٹلز اونر شاہد وحید میاں اویز اور چیمبر میاں اویز کے ہمراہ گروپ فوٹو

کمرشل امپورٹرز کا شرح سود سنگل ڈیجٹ پر لانے کا مطالبہ

مانیٹری پالیسی کمیٹی افراط زر میں کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے شرح سود میں ٹھوس بنیادوں پر کمی کرے، سلیم ولی محمد

مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پالیسی ریٹ میں کمی سے کاروباری سرگرمیوں میں تیزی آئے گی جس کے نتیجے میں ملکی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے ایک بیان میں مانیٹری (باقی بقیہ نمبر 63)

کرم کی قلت، قیمتیں آسمان پر

اشیاء کی قلت، قیمتیں آسمان پر

کرم (این این آئی) کرم میں کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گئیں، قلت برقرار، شہری آٹے، چینی، بیکری، گیس اور پٹرول کے لیے پریشان ہیں، اشیاء کی قلت کے خلاف متاثرین کی خواتین کی بھی بڑی تعداد باہر نکل آئی، مظاہرہ ہوا ہے۔کرم (بقیہ نمبر 60)

عالمی یوم تعلیم کے حوالے سے پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں قرارداد جمع

لاہور (این این آئی) مہر صوبائی اسمبلی سارہ احمد اور میڈیا سلطانہ نے عالمی یوم تعلیم کے حوالے سے پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں قرارداد جمع کروائی۔ قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ 24 جنوری کا دن اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی جانب سے 2018 میں تعلیم کی بنیادی حیثیت کو تسلیم کرتے ہوئے عالمی سطح پر منایا گیا تھا تعلیم ہر بچے، جوان اور بالغ کا بنیادی حق ہے اور اسے عقلی بنیاد پر سماج کی (بقیہ نمبر 62)

پنجاب حکومت ترک کمپنیوں کے درمیان سرمایہ کاری کے فروغ پر اتفاق

سرمایہ کاری بڑھانے خصوصی مراعات، سہولیات سے فائدہ اٹھائیں، صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر معنت و تجارت چوہدری شاہ حسین سے ترکیہ کے قونصل جنرل سمز در دمش ایسوی البٹین (ڈی ای اے) کے چیئرمین سلیم ولی محمد نے گورنمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس میں پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع اور ترک کمپنیوں کی پنجاب میں سرمایہ کاری کے امور پر بات چیت ہوئی۔ ملاقات میں پنجاب کے مختلف شعبوں میں ترک کمپنیوں کی سرمایہ کاری بڑھانے اور دوطرفہ تجارت کے فروغ پر اتفاق ہوا۔ صوبائی وزیر نے ترکیہ کی مختلف کمپنیوں کی دعوت کی کہ وہ پنجاب میں سرمایہ کاری کریں۔ انہوں نے اس موقع پر گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 65)

صوبائی وزراء خواجہ سلمان رفیق اور مہیش سنگھ اروڑہ کا بھگت سنگھ گیلری کا دورہ

بھگت سنگھ کی تاریخ جرأت اور بہادری کی ہے۔ لطور ایک پاکستانی بھگت سنگھ کی آزادی کیلئے جنگ کو سراہتا ہوں، صوبائی وزیر

آج ہم ایک فریڈم فائٹر بھگت سنگھ کو خراج تحسین پیش کرنے حاضر ہوئے ہیں، صوبائی وزیر اقلیتی امور مہیش سنگھ اروڑہ



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے صوبائی وزیر اقلیتی امور مہیش سنگھ اروڑہ کے ہمراہ پنجہ ہاؤس میں بھگت سنگھ گیلری کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈی جی انٹرسروسز آصف علی فرخ و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ صوبائی وزراء نے گیلری میں موجود فریم فائٹر بھگت سنگھ کی جدوجہد پر مبنی تصویری فنائش کا جائزہ لیا اور سراہا کہ بہترین خطہ افسران نے اس حوالے سے صوبائی وزراء کو بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ بھگت (بقیہ نمبر 61)

عافیہ کو بنانے کے امریکا میں ہمارے وقیدی کھا ہے اسلام آباد ہائیکورٹ

سابق امریکی صدر نے اپنے بیٹے کی سزا معاف کر دی لیکن ہمارے قیدی کو رہا نہیں کیا، جسٹس سردار اعجاز اسحٰق خان کے ریمارکس

وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کے بیرون ممالک دوروں کی تفصیلات پر مشتمل رپورٹ بھی عدالت میں پیش، ساعت 2 ہفتے کے لیے ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحٰق خان نے کہا ہے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو رہا کر کے امریکا میں ہماری اوقات دکھا دو۔ بے۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی امریکی جیل سے رہائی اور وطن واپسی کی درخواست پر اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس اعجاز اسحٰق خان نے ساعت کے۔ دوران ساعت

مسلم لیگ ق برطانیہ کے صدر سید رضوان ہاشمی اور لاہور کے مرکزی سیکرٹری جنرل ندیم پہلوان کے ہمراہ سید حسنین گیلانی، سید علی جواد گیلانی، حاجی عبداللہ چوہدری، چوہدری عبدالملک راناذوالقرنین کا گروپ فوٹو

کوسٹ گارڈز آپریشنز میں 9 لاکھ لیٹر سے زائد ایرانی ڈیزل کی سمگلنگ ناکام

مختلف کارروائیوں میں مشتبہ اور دیگر اشیا برآمد کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی گئی

کراچی (این این آئی) کوسٹ گارڈز کے آپریشنز میں 9 لاکھ لیٹر سے زائد ایرانی ڈیزل کی اسمگلنگ ناکام بنا دی گئی۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران بلوچستان کے علاقے جیوانی، پسنی اور اورماڑہ کے علاقوں میں مختلف کارروائیوں کے دوران 777 افراد اور 14 کشتیوں کو حراست میں لیا گیا۔ کوسٹ گارڈز کے مطابق (بقیہ نمبر 52)

شاد باغ، مزنگ اور کوٹ لکھپت سے تین افراد جاں بحق

تینوں افراد کی شناخت نہیں ہو سکی لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل

لاہور (این این آئی) شاد باغ، مزنگ اور کوٹ لکھپت میں تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق شاد باغ کے علاقے سے بیہوشی کی حالت میں ملنے والے 65 سالہ نامعلوم شخص کو علاج معالجہ کے لیے میو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دوران ملاقات جانبر نہ ہو سکا۔ مزنگ اور کوٹ لکھپت سے ملنے والے 2 نامعلوم افراد کی لاشیں بھی مردہ خانے منتقل کر دی گئیں۔ تینوں افراد کی شناخت نہیں ہو سکی لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دی گئیں۔ (باقی بقیہ نمبر 51)

کوئٹہ، جبل نور القرآن میں رکھے قرآن کے قدیم نسخے' اوراق چوری

نامعلوم چور تقریباً 150 قرآنی نسخے تالا اور شیشہ توڑ کر لے گئے، واقعہ کا مقدمہ درج کر لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ شہر کے مضافت میں واقع جبل نور القرآن میں رکھے قرآن پاک کے قدیم نسخوں اور اوراق کے چوری کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ نامعلوم چور تقریباً 150 قرآنی نسخے تالا اور شیشہ توڑ کر لے گئے، واقعہ کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ کوئٹہ شہر کے مضافت میں واقع جبل نور القرآن میں رکھے گئے قدیم قرآنی نسخوں اور اوراق کے چوری کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ نامعلوم چور تقریباً 150 قرآنی نسخے تالا اور شیشہ توڑ کر لے گئے، واقعہ کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ بے۔ انچارج جبل نور القرآن (بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، فاتحی وزیر امیر مقام اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب کی زیر صدارت اعلیٰ پولیس تحفظ مراکز کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس

ڈی آئی جی انوسٹی گیشن لاہور، ذیشان اصغر، اے آئی جی ڈسپلن عمارہ اطہر، دیگر افسران کی اجلاس میں شرکت

تحفظ مرکز کی کارکردگی خود مانیٹر کریں اور دیگر اداروں کے ساتھ نیٹ ورکنگ اور کوارڈی نیشن کو مزید بہتر بنائیں، ڈی پی اوز کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں پولیس تحفظ مراکز کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی انوسٹی گیشن لاہور ذیشان اصغر، اے آئی جی ڈسپلن عمارہ اطہر اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ تفصیلات کے مطابق، وارداتوں، سرکاری و نجی املاک کی حفاظت، ایمرجنسی رسپانس، ٹریفک کنٹرول، ناکہ بندی، گشت، وی آئی پی موومنٹ، ایمرجنسی سروسز، ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 اور ایمرجنسی رسپانس یونٹ کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ (باقی بقیہ نمبر 35)



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس تحفظ مراکز کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس کی زیر صدارت کر رہے ہیں

کرپٹ عناصر کو بے نقاب کرنا ہوگا: محمد جاوید قصوری

ملک میں ٹیکسٹائل انڈسٹری کے 33 فیصد یونٹ بند، لاکھوں مزدور بے روزگار ہو چکے ہیں

پی ایکٹ میں ترمیم کے بل کو مسترد کرتے ہیں، حکومت کو ہنگامی اجلاس بلانے کی کیا ضرورت تھی؟

امیر جماعت اسلامی پنجاب و سنٹرل محمد جاوید قصوری کا مختلف تقریبات سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب و سنٹرل محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملک و قوم پر احسان کریں اور سانحہ لائیو کے کرپشن کی اس بہتی گنگا میں کس کس نے ہاتھ دھوئے ہیں۔25 کروڑ عوام کے نام نہاد نمائندے، سیاست دانوں، سرمایہ داروں، جرنیلوں کو بے نقاب کیا جائے مجھوں نے ملک و قوم کو مطلوبہ ترقی کے رکھ دیا ہے۔ پاکستان کی جڑوں کو دیمک کی طرح چاٹنے والے کسی قسم کی رعایت اور رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بدقسمتی (بقیہ نمبر 37)



پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج پروفیسر اصغر نقی پروفیسر یاسر سجاد اور دیگر کے ہمراہ بیسٹ ری کنسٹرکشن کلینک کا افتتاح کرنے کے بعد دعائے خیر کر رہے ہیں

اویس لغاری کی سمارٹ میٹرز کی تنصیب

مدارس کی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا' جے یو آئی

مدارس اسلام کی حفاظت کرنیوالے حقیقی قلعے ساڑھیں کرنے والے قبلہ درست کریں

کے لیے ورلڈ بینک کو دعوت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے ورلڈ بینک سے ڈسٹری پیوشن لیول پر انسداد سرمایہ کاری منصوبوں کی تنصیب کے لیے فنڈز اور سرمایہ کاری فراہم کرنے پر زور دیا ہے تاکہ شفاف بجلی، سالار مولانا محمد یحییٰ، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہائیکورٹ بار و دیگر نے ملاقات کی۔ انہوں نے یہ بات ورلڈ بینک کے نائب صدر برائے جنوبی ایشیا مسٹر مارٹن ریزر سے ملاقات کے (بقیہ نمبر 38)

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور فضل، خان، جنرل سیکرٹری حافظ عمران شجاع خٹک، سالار مولانا محمد یحییٰ، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہائیکورٹ بار و دیگر نے ملاقات کی۔ انہوں نے یہ بات ورلڈ بینک کے نائب صدر برائے جنوبی ایشیا مسٹر مارٹن ریزر سے ملاقات کے (بقیہ نمبر 59)

جناح برن اینڈ ری کنسٹرکٹیو سرجری سنٹر لاہور کے زیر اہتمام "آنکو پلاسٹک بریسٹ ری کنسٹرکشن کلینک" کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) جناح برن اینڈ ری کنسٹرکٹیو سرجری سنٹر لاہور کے زیر اہتمام "آنکو پلاسٹک بریسٹ ری کنسٹرکشن کلینک" کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج پروفیسر سید اصغر نقی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ جنرل سرجری کے تمام شعبوں کے سربراہان بھی موجود تھے۔ جناح برن سینٹر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر یاسر سجاد نے تمام مہمانوں (بقیہ نمبر 39)

پشاور میں گرفتار کیے گئے اساتذہ راہنماؤں کو فی الفور رہا کیا جائے: خالد سنگھیڑہ، ضیاء اللہ نیازی

پورے ملک کے سرکاری ملازمین اپنے معاشی حقوق کے تحفظ کے لیے پرامن جدوجہد کر رہے ہیں: رانا انوار الحق بشیر ڈرائیج

ضرورتی اعلیٰ خیبر پختونخوا ہوش کے ناخن لیں، گرفتار اساتذہ کو رہا کریں ورنہ ملک بھر کے ملازمین پشاور کا رخ کریں گے: رانا افتخار، فائزہ رحمٰن

لاہور (خبر نگار) آل گورنمنٹ ایمپلائز گریڈ ایسوسی ایشن کے راہنماؤں خالد سنگھیڑہ، ضیاء اللہ نیازی، پروفیسر فائزہ رحمٰن، رانا انوار الحق، چوہدری بشیر ڈرائیج، محمد شفاء اللہ، کاشف شنواز، چوہدری وسیم اور دیگر نے کہا ہے کہ پشاور میں اساتذہ راہنماؤں سمیع اللہ مبلغ، نوید گل و دیگر کی گرفتاریوں اور لاٹھی چارج، شیلنگ پر معائنی و ملازمین پر مشتمل 4 رکنی کمیٹی تشکیل دینے کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دینے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ پشاور میں اساتذہ و ملازمین پر لاٹھی چارج اور آنسو گیس کی شیلنگ کی مذمت کرتے ہیں اور فوری طور پر ان احتجاج ملازمین کا آئینی و قانونی حق ہے، پرامن اور نہتے اساتذہ و ملازمین پر شیلنگ اور لاٹھی چارج کرنا اور ان پر درج مقدمات کو ختم کیا جائے و گرنہ ملک بھر کے اساتذہ و ملازمین پشاور کا رخ کرنے پر مجبور ہوں گے۔



لاہور: پشاور میں گرفتار اساتذہ کی رہائی کے لئے اساتذہ راہنما لیاقت علی مرکزی جنرل سیکرٹری پنجاب نیچر زیونین پنجاب کی قیادت میں مظاہرہ کر رہے ہیں

9 فروری سے فورٹریس سٹیڈیم میں پارس اینڈ کیٹل شو کے انعقاد کا فیصلہ

جیالوں کا باغ جناح، مینار پاکستان گلبرگ سمیت دیگر مقامات پر تقریبات منعقد کی جائینگی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 9 فروری سے فورٹریس اسٹیڈیم میں پارس اینڈ کیٹل شو کے انعقاد کا فیصلہ کر لیا۔ پارس اینڈ کیٹل شو کی تقریب فورٹریس اسٹیڈیم کے علاوہ جیالوں کا باغ جناح، جناح پارک، مینار پاکستان گلبرگ سمیت دیگر مقامات پر بھی منعقد کی جائیں گی۔ پارس کیٹل شو میں جانوروں کا مقابلہ حسن، نیزہ بازی، ڈاگ شو، موٹی فیشیول، پھولوں کی نمائش، کبڈی کے مقابلے (بقیہ نمبر 57)

پی پی جی مستقبل میں ایک روشن ستارہ ثابت ہوگی' میاں مقبول

ملکی کاروباری دنیا میں منفرد شناخت بنانے میں کامیاب ہوگا' سینئر نائب صدر پی پی جی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان بزنس گروپ (پی پی جی) کے سینئر نائب صدر میاں مقبول صدیق نے کہا ہے کہ پی پی جی مستقبل میں ایک روشن ستارہ ثابت ہوئی اور ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرے گی۔ اپنی منفرد شناخت بنانے میں (بقیہ نمبر 57)

معیشت کی ترقی صنعتکار، تاجر طبقہ کی خوشحالی سے ممکن ہے' عجاز چوہدری

ہمدرد آئرن پاکستان سے رمضان گڈز امداد تقسیم کرنے کا آغاز

سبزی منڈی روڈ پر مستحق خاندانوں میں راشن کے تھیلے تقسیم کیے گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) انجمن آڑھتیان مرکزی سبزی منڈی روڈ کے صدر اعجاز چوہدری نے کہا ہے پاکستان میں صنعتی و کاروباری حوالے سے صنعت و تجارت دوست اقدامات کی ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمدرد آئرن پاکستان کے علاقہ میں مستحق خاندانوں میں راشن کے تھیلے تقسیم کیے گئے۔ یہ راشن تھیلے مرکزی انجمن آڑھتیان مرکزی سبزی منڈی روڈ کے صدر اعجاز چوہدری نے اپنی مدد آپ کے تحت تقسیم کیے۔ اس موقع پر انجمن آڑھتیان مرکزی سبزی منڈی روڈ کے صدر اعجاز چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان میں صنعتکار، کاروباری اور زراعت کے شعبہ سے وابستہ افراد کی خوشحالی ملک کی خوشحالی کی راہ ہموار کرتی